رچنا جین پریشان حال لوگوں کی جس طرح رہنمائی کر رہی ہیں وہ مثالی کام ہے: وریندشرما

جدید ترقی کی دوڑ میں مصروف لوگ روحانیت سے دور ہو کر پریشان حال ہو رہے ہیں، رچنا جین، تقریب رونمائی سے خطاب

لندن: ماہر نفسیات اور روحانی علوم کی سائنٹسٹ رچنا جین کی کتاب 'خوابوں کی تعبیر پائیے' کی تقریب رونمائی سے لیبر پارٹی کے رہنما امیدوار ایم پی وریندر شرما خطاب کر رہے ہیں، اس موقع پر رچنا جین کیک کاٹ رہی ہیں (فوٹوز: ایکور میڈیا)

لندن (طارق محمود اردو ٹائمز) معروف ماہر نفسیات' روحانی علوم کی معالج رچنا جین نے ایکور میڈیا کے زیر اہتمام اپنی کتاب "Awake Your Dreams" اپنے خوابوں کی تعبیر پائیے کی تقریب رونمائی سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ دور جدید کی تیز رفتاری انسانی سماجی اقدار پر بھی اثر انداز ہو رہی ہیں' لوگوں کی روزمرہ زندگی میں انسانی رویے اور صحت پر برے اثرات پڑ رہے ہیں اور لوگ روحانیت سے دور ہوتے چلے جا رہے ہیں اور ان کی زندگی سے سکون کا فقدان ہوتا جا رہا ہے اگر ان عوامل کا فوری تدارک نہ کیا گیا تو انسانی زندگی مزید ابتری کا شکار ہو جائے گی اس لئے ہمیں فوری طور پر اپنے نفسیاتی اور روحانی مسائل کا سدباب کرنے پر توجہ کرنا کی ضرورت ہے۔ یہ تقریب رونمائی ایکور میڈیا کے زیر اہتمام منعقد ہوئی جس میں کمیونٹی کی معروف سماجی شخصیات ڈاکٹر چندوک' ڈاکٹر راجیش پرمار' دیان شاؤے' ڈاکٹر اوتار سہوتا اور دیگر شخصیات نے شرکت کی۔ لیبر پارٹی کے امیدوار ایم پی وریندر شرما نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا رچنا جین جس اسلوب سے لوگوں کو ان کی نفسیاتی الجھنوں سے چھٹکارا پانے میں معاون ہو رہی ہیں ان کے تجربات پر مبنی ان کی کتاب خوابی غفلت میں پڑے رہنے کی بجائے لوگوں کو بیداری کا پیغام اور کوشش کرنے کی ہدایت کرتی ہے جو بھٹکے ہوئے انسانوں کیلئے درس عظیم ہے۔ رچنا جین نے نوجوانی میں روحانی اور نفسیاتی علوم پر جس طرح مہارت پائی ہے وہ ان کی اپنے کام سے لگن اور انسانوں سے محبت کی اعلیٰ مثال ہے۔ رچنا جین پریشان حال لوگوں کیلئے جس طرح رہنمائی کر رہی ہیں وہ ایک بہتر اور مثالی کام ہے۔ اس موقع پر ایکور میڈیا کی سینئر ایگزیکٹو نیہا سنگھ نے اردو ٹائمز سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہماری کوشش ہے یوتھ کے ٹیلنٹ کو ابھارا جائے اور لوگوں کو ان کے مسائل سے نجات کیلئے ہر ممکن بھلائی کا رستہ بتانا چاہئے تاکہ ان کی زندگی آسان ہو۔ انہوں نے کہا ہمیں آپس میں ایک دوسرے کو احترام اور قدر کی نگاہ سے دیکھنا چاہئے اس سے ہماری کمیونٹی کی صلاحیتوں پر نکھار آئے گا۔ پرمانکا کھیرہ نے تقریب کی میزبانی کے انتظامات بہتر طور پر سرانجام دیئے، اور شرکاء نے تقریب کو سراہا۔